HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

## یونان میں بین الاقوامی تحفظ / عالمی پناہ کا مختصر جائزہ

تیسری دنیا کے ممالک کے شہری اور بغیر شہریت کے جو عالمی پناہ کی تحفظ کے درخواست گزار ہیں ، وہ ضلعی پناہ کے اداروں ، خود مختار پناہ کے ادارے کی شاخوں یا پھر پناہ / تحفظ کے ادارے کی شاخیں جو استقبالیہ اور شناختی مراکز میں موجود ہیں ، میں عالمی پناہ کی درخواست جمع کرواتے ہیں - عالمی پناہ کا درخواست گزار ملک بدر نہ کرنے کی مانگ کرتا ہے ، کیونکہ اسے قبیلے ، مذہب ، قومیت ، معاشرے کے مخصوص گروہ میں حصہ یا سیاسی عقائد کی وجہ سے نقصان کا ڈر ہے ، اپنے آبائی ملک یا جس ملک میں ( یہاں آنے سے پہلے ) وہ رہتا تھا اسے سنگین نقصان کا اندیشہ ہے ، ڈر ہے سزائے موت یا قتل کا ، تشدد ، غیر انسانی سلوک ، غیر اخلاقی رویے کا ، عالمی یا خانہ جنگی کی وجہ سے اعضا کاٹنے / اپاہج ہونے کا ڈر ہے -
عالمی پناہ کے متلاشیوں میں وہ تارکین وطن بھی شامل ہیں جو ڈوبلنگ کے قانون کے تحت دوسرے ممالک سے یونان لائے جاتے ہیں -

### عالمی پناہ کی درخواستیں کہاں اور کیسے جمع کراتے ہیں ؟

- ضلعی پناہ کے ادارے ، خودمختار ( مقامی ) شاخیں اور پناہ کے ادارے کی خودمختار موبائیل شاخیں درخواستیں وصول کرنے والے ادارے ہیں - جمع ہونے والی(درخواستوں) کا فوری طور پر مکمل اندراج کرتے ہیں -
- اگر آپ ملک میں بغیر کسی قانونی رسم (کاروائی) کے داخل ہوئے ہیں یا یونان میں بغیر قانونی رسم (کارروائی) کے رہتے ہیں ، تو آپ کو استقبالیہ اور شناخت مرکز میں منتقل کیا جاے گا ، اور چونکہ آپ کے پاس کوئی سرکاری دستاویز نہیں ہے ، جس سے آپ کی شناخت ہوتی ہو ، تو پھر آپ کو استقبالیہ اور شناخت مرکز کی کارروائی سے گزرنا پڑے گا - ایسی صورت حال میں جہاں آپ رہتے ہیں ، آپ کو مقامی ضلعی پناہ کے دفتر علاقائی خودمختار ادارے جہاں استقبالیہ اور شناخت مرکز بھی کارروائی کرتا ہو ، آپ ممکنہ عالمی پناہ / تحفظ کی درخواست کریں گے ، آپ کو درخواست کی جانچ پڑتال تک مرکزی ڈھانچے میں رہنا پڑے گا - جبکہ یہ مدت 25 دن سے زیادہ نہیں ہوتی -
- عالمی پناہ کی درخواست بذات خود جمع کرانا پڑتی ہے - علاوہ ازیں یہ درخواست برقی طریقے سے ویب سائیڈ کے ذریعے (آن لائن) بھی ہو سکتی ہے -

ممالک جن پرڈبلنگ کا قانون نافذ ہے - اسٹریا ، بیلجیم ، بلغاریہ ، فرانس ، جرمن ، ڈنمارک ، سویزرلینڈ ، اسٹونیا ، یونائیٹڈ کنگڈم (برطانیہ) ، ائیرلینڈ ، آی لینڈ ، سپین ، اٹلی ، مالٹا ، ناروے ، ہالینڈ ، ہنگری ، پولینڈ ، پرتگال ، رومانیہ ، سلواکیا ، سلونیا ، سویڈن ، چیک ، فن لینڈ -

- اگر آپ کے خاندان کے ممبران آپ کے ساتھ یونان میں ہیں ، اور چاہتے ہیں ، تو آپ ان کی درخواستیں بھی جمع کرا سکتے ہیں - ان کا بھی آپ کے ساتھ پناہ / تحفظ کے ادارے میں آنا لازمی ہے -

- جب آپ اپنی درخواست جمع کراتے ہیں - تو ملازم کے سوالوں کا جواب مکمل اور درست دیں - غلط کوائف درج کرانے کی صورت میں اس کا آپ کی درخواست (کی کارروائی) پر منفی اثر پڑے گا -

- اگر آپ نابالغ ہیں اور اکیلے ہیں یعنی آپ 18 سال سے کم ہیں ، اور کوئی بالغ آپ کے ساتھ نہیں جو آپ کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہو ، تو یونانی قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوے ادارے فوری طور پر مجاز عدالت کو مطلع کریں ۔ عدالت ایک نگران مقرر کرے گی ، جس کے ذمہ آپ کی ذمہ داری ہو گی کہ وہ آپ کو فوائد (تحفظ ) فراہم کرے گا ۔ اگر آپ کی عمر 15 سال سے کم ہے ، تو پھر جو نگران مقرر ہے ، وہی عالمی پناہ کی درخواست بھی جمع کرائے ۔ اگر آپ کی عمر 15 سال سے زیادہ ہے ، تو پھر آپ بذات خود عالمی پناہ کی درخواست جمع کرا سکتے ہیں ۔ ادارے نا بالغ کی حفاظت ، مہمان نوازی مناسب ماحول میں مہیا کریں گئے ۔
- جب عالمی پناہ کی درخواست جمع ہوتی ہے ، تصویر بھی لی جاتی ہے اور انگلیوں کے نشانات بھی (فنگرپرنٹ) ساتھ ساتھ خاندان کے افراد کے بھی جن کی عمریں 14 سال سے اوپر ہے ۔ انگلیوں کے نشانات یورپین مرکزی بنیاد یوروڈک (EURODAC) میں متعارف کرائے جائیں گئے ، اور کسی اور یورپی ملک میں عالمی پناہ کی درخواست جمع کرا چکنے کی صورت میں جہاں ڈبلنگ کا قانون نافذ ہے ، درخواست کی جانچ کے لیے آپ کو وہاں منتقل کیا جائے گا ۔
- سفری دستاویزات (پاسپورٹ) یا کسی بھی قسم کی دوسری دستاویزات جن کا تعلق درخواست کی جانچ پڑتال اور آپ کی اور آپ کے خاندان کے افراد کی شناخت سے ہے ، اور آپ کے پاس ہیں ، لازمی طور پر جمع کرائیں ، ساتھ ساتھ جس ملک سے آئے ، آبائی جگہ اورخاندانی حالت (شادی شدہ یا غیر شادی شدہ بھی بتائیں) ۔
- ممکن ہے جسمانی تحقیق یا معروضی تحقیق ہو، ممکن ہے طبی تحقیق کے لیے بھی کہا جائے ۔

- عالمی پناہ کا ادارہ (انٹرویو) مقالمہ / بات چیت کی تاریخ مقررکرے گا ، اور عالمی پناہ کا کارڈ بھی ملے گا ، جو ممکن ہے 6 ماہ تک کی مدت کا ہو ۔ یہ کارڈ ہمیشہ آپ کے پاس ہونا چاہیے ۔
  - لیمینیشن (مکمل پلاسٹک بند) نہیں ہونا چاہیے۔
  - اچھی حالت میں برقرار رکھیں ۔
  - کھونا نہیں چاہیے، کیونکہ متبادل بہت مشکل ہے ۔

- مجاز ادارے کی زمہ داری بنتی ہے ، کہ بحثیت عالمی پناہ کی درخواست گزار کے جب آپ درخواست درج کراتے ہیں ، آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے متعلق آپ کوسمجھ آنے والی زبان میں مطلع کرے ۔ ساتھ ساتھ کارروائی کی مدت کے دوران آخری تاریخوں کے متعلق بھی ۔
- اگر آپ تشدد ، عصمت دری کا شکار ہیں ، یا کسی بھی قسم کے پر تشدد کام کے ، متعلقہ ادارے کو ضرور بتائیں تاکہ آپ کی مدد ہو ۔
- تنظمیں جو قانونی معاونت مہیا کرتی ہیں یا طبی اور نفسیاتی مدد کے لیے آپ اقوام متحدہ کے مہاجرین کے متعلق ادارے کے ساتھ رابطے کی مانگ کر سکتے ہیں ۔
- کارروائی کے دوران آپ وکیل یا قانونی معاون سے مشورہ بھی کر سکتے ہیں ( پناہ کے ادارے کے شراکت دار وکیلوں کے بغیر) وکیل یا قانونی معاون کی فیس اور خرچہ آپ کے ذمہ ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو انٹرویو کی کارروائی کے دوران مدد کے لیے آپ کو وکیل اور قانونی معاون سے مشورہ کے لیے مختصر وقت دیا جاتا ہے ۔
- آپ کسی بھی صورت میں خاص وجوہات کی بنا پر انٹرویو لینے والے اورترجمان کی مختلف جنس (مونث / مزکر) کی مانگ کر سکتے ہیں ۔ ادارہ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کے بعد آپ کو مطلع کرے گا کہ ممکن ہے کہ نہیں ۔

- اگر آپ نابلغ بغیر ہمراہ کے ہیں ، آپ کو آپ کا نگران انٹرویو کے بارے میں بتائے گا ۔ آپ کے نگران کو بھی دعوت دی جائے گی ، اور ممکن ہے انٹرویو کے دوران وہ بھی آپ کے ساتھ موجود ہو ۔ ادارے آپ کی عمر کی جانچ کے لیے طبی معائنہ بھی کراسکتے ہیں ۔ اس کارروائی کے لیے آپ کو اور آپ کے نگران کو مطلع کیا جائے گا ، اور ضروری ہے آپ اور آپ کا نگران اس کے لیے رضامند ہوں ۔

**عالمی پناہ سے استعفی اور خاموش دستبرداری کی درخواست**

جب چاہیں آپ اپنی درخواست سے دستبردار ہو سکتے ہیں ۔ ضروری ہے آپ بذات خود اس ضلعی پناہ کے ادارے میں آئیں جہاں درخواست جمع کرائی تھی اور تحریر دستبردار ہوں ۔ دستبردار ہونے کی صورت میں اگر آپ کے پاس کوئی اور قانونی دستاویز ( رہنے کے لیے ) نہیں تو ملک چھوڑنا پڑے گا ۔

پناہ کا ادارہ مندرجہ ذیل صورت میں سمجھتا ہے ،کہ آپ نہیں چاہتے کہ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کی جائے (خاموش دستبرداری) ۔

ا) آپ کی درخواست کے لیے مانگی گئی معلامات کا ادارے کو آپ خاص توجہ سے جواب نہ دیتے پر،
ب) ادارے کی طرف سے مقرر کردہ انٹرویو (کے دن) پر بذات خود نہ آنے پر ،
ج) حراستی مرکز سے فرار ہونے پر،
د) حراست کی بجائے پولیس کی طرف سے دوسری لگائی گئی پابندیوں پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے ،
ر) رہائیش کی جگہ جو اداروں کی طرف سے مختص کی گئی ہے ، اطلاع کے بغیر چھورنے پر،
س) پناہ کے ادارے سے اجازت طلب کیے بغیر ملک چھوڑنے پر ،
ص) اگر پناہ کے ادارے کو پتہ اور رابطے کے دوسرے ذرائع تبدیل ہونے پر فوری طور پر مطلع نہیں کریں گئے تو ،
ط) پناہ کے ادارے کی طلب کے باوجود رابطہ نہ کرنے پر،
ع) کاغذات جوآپ کے پاس ہیں یا جوثابت ہے کہ آپ کے پاس ہیں ، اور جمع کرانا ضروری ہیں ، جمع نہ کرانے پر ،
ف) کارڈ کی تجدید کے لیے نہ آنے پر زیادہ سے زیادہ کارڈ کی آخری تاریخ کے ایک دن بعد تک ،
ل) ادارے کی کارروائی کے دوران تعاون نہ کرنے یا کارروائی کے تعاون کی خلاف ورزی کرنے پر،
م) کارروائی مکمل ہونے کے لیے استقبالیہ اور شناخت مرکز میں ممکنہ منتقل ہونے کے لیے تعاون نہ کرنے ، عالمی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کی کارروائی مناسب طریقے سے مکمل نہ ہونے کے لیے رکاوٹ ڈالتے ہوئے انکار کرنے پر،

خاموش دستبرداری کی صورت میں ، فیصلہ کرنے کا مجاز ادارہ موجودہ کوائف کی بنیاد پر آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کرے گا (کوائف) بے بنیاد تصور کرتے ہوئے درخواست منسوح کر دی جائے گی ۔ اگر ادارہ آپ کی درخواست رد/منسوح کر دیتا ہے تو آپ کو استدعا کے ادارے میں نظرثانی (اپیل) کی درخواست کا حق ہے ۔

اگر ادارہ سمجھتا ہے کہ ، آپ کے پاس درخواست کی جانچ پڑتال کے لیے موجودہ ثبوت کافی نہیں ہیں ، تب درخواست کی منسوخی کا فیصلہ آپ کو ملے گا ۔ اگر درخواست کی منسوخی کا فیصلہ ملتا ہے، تب آپ کی ملک میں واپسی کے اصول آپ پر نافذ ہوتے ہیں ۔ آپ کو صرف ایک مرتبہ حق حاصل ہے کہ 9 ماہ کے اندر کی ہوئی درخواست کی کارروائی دوبارہ شروع کرنے کی درخواست یا نئی درخواست درج کریں ۔

HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

**عالمی پناہ کی درخواست کی جانچ پڑتال کی کارروائی:**

- عالمی پناہ کی کارروائی تک رسائی آزاد اور مفت ہے ۔ تیسری دنیا کے ممالک کا ہر شہری اور شہریت کے بغیر کو عالمی پناہ کی درخواست درج کرنے کا حق ہے ۔
- آپ کی درخواست کے مکمل اندراج میں شناختی کوائف ، آپ کا آبائی ملک ، والد کا نام ، والدہ کا ، میاں / بیوی اور ان کے بچے ، مواصلاتی پتہ (ای میل) اگر ہے یا بائیومیٹرک شناخت کار (فنگرپرنٹ) عالمی پناہ مانگنے کی مکمل وجہ گھر یا رہائیش کا پتہ ، زبان جو چاہتے ہو تاکہ آپ کی درخواست کی جانچ ہو، ساتھ ساتھ اگر آپ مجاز مقررہ نمائندہ چاہتے ہو شامل ہیں ۔
- اگرکسی بھی وجہ سے ممکن نہیں ہے کہ آپ کی درخواست مکمل ہو ، ایسی صورت میں ضروری ہے ، درخواست جمع کرانے کے بعد آنے والے تین کام کے دنوں میں کم از کم ضروری بنیادی کوائف اور جو زبان آپ چاہتے ہیں ، میں سادہ اندراج ہو ۔ پھر آپ کو بتائی ہوئی تاریخ پر آپ کی درخواست مکمل جمع ہو گی ۔ ایسی صورت حال میں آپ کو ایک دستاویز جاری کی جائے گی ، جس پر آپ کے کوائف اور تصویر ہو گی ۔ یہ دستاویز مقررہ اندراج مکمل ہونے اور عالمی پناہ کا کارڈ ملنے کے بدلے میں واپس جمع کرانا ہو گی ۔
- جب آپ درخواست جمع کراتے ہیں ، زبان جو آپ سمجھتے ہیں ، کا ترجمان موجود ہو گا ، تاکہ پناہ کے ادارے کے ملازم کے ساتھ رابطے میں آپ کی مدد کرے ۔
- سفری دستاویزات (پاسپورٹ) یا کسی بھی قسم کی دوسری دستاویزات جن کا تعلق درخواست کی جانچ پڑتال اور آپ کی اورآپ کے خاندان کے افراد کی شناخت سے ہے ، اور آپ کے پاس ہیں ، لازمی طور پر جمع کرائیں ، ساتھ ساتھ جس ملک سے آئے ، آبائی جگہ اورخاندانی حالت (شادی شدہ یا غیرشادی شدہ بھی بتائیں) ۔
- ادارہ آپ کو جو دن مقرر کرے گا، اس دن آپ پناہ والے ادارے کے ملازم کو(انٹرویو/مقالمہ) دیں گے ، اس کے سوالوں کا مکمل سچائی سے جواب دینا ضروری ہے ، اپنی درخواست کے ساتھ صرف سچے واقعات بتائیں (جمع کرائیں) ۔ جھوٹی دستاویزات یا الزامات آپ کی درخواست کے فیصلے پر بری طرح اثر انداز ہوں گے ۔
- پناہ کے ادارے کے ملازم انٹرویو کے دوران آپ کے بنیاد کوائف کے متعلق جو آپ نے درخواست کے وقت بتائے ، آپ کی شناخت کے کوائف ، یونان کیسے آئے ، وجہ کے متعلق جس سے آپ نے آبائی ملک یا جس ملک میں (یونان آنے سے پہلے) رہتے تھے کو چھوڑا ، آگر آپ بغیر شہریت کے ہیں ، ساتھ وہ وجہ بھی جس کی بنا پر واپس (اس ملک میں) جا نہیں سکتے یا نہیں چاہتے ، انٹرویو کے دوران آپ جو دوسرے کوائف ضروری سمجھتے ہیں جمع کراتے ہیں ۔
- اگر زبان کی وجہ سے پناہ کے ادارے کے ملازم کے ساتھ رابطہ میں رہنا (ایک دوسرے کو سمجھنا) ممکن نہیں ، ترجمان (رابطے کے لیے) موجود ہو گا ۔
- (انٹرویو) مقالمہ میں آپ وکیل یا مشیر کے ساتھ بھی جا سکتے ہیں ۔ (قانون دان ، ڈاکٹر ، ماہر نفسیات یا سماجی کارکن )
- مقالمہ (انٹرویو) میں آپ جو بھی بتائیں گے رازدرانہ ہے ۔
- مقالمہ میں (انٹرویو) ممکنہ آواز کی ریکارڈنگ کی جا سکتی ہے ، اگر انٹرویو ریکارڈ نہیں ہو گا ، تو ملازم ایک مضمون تحریر کرے گا جس میں تمام سوالات اور جوابات شامل ہوں گے ۔ ایسی صورت حال میں ترجمان کی مدد سے مضمون کا متن چیک کرنا چاہیے ، مضمون (میں مواد) کی تصدیق یا درستگیاں کرنے کے بعد دستخط کرنے چاہیے ۔ آپ جب بھی چاہیں انٹرویو کے مضمون اور ریکارڈنگ کی کاپی لے سکتے ہیں ۔

- انٹرویو کے بعد پناہ کا ادارہ پناہ گزین کی حیثیت یا امدادی تخفظ یا درخواست رد کرنے کا فیصلہ کرے گا ۔
- اگر آپ نابالغ بنا ہمراہ کے ہیں ، آپ کو آپ کا نگران انٹرویو/ مکالمہ کے متعلق ضرور آگاہ کرے گا ۔ آپ کا نگران بھی مدعو ہے ، اور انٹرویو میں آپ کے ساتھ ہو سکتا ہے ۔ اگر آپ کی عمر کے بارے میں شک ہے ، ادارہ آپ کی عمر معین کرنے کے لیے طبی معائنہ کرا سکتا ہیں ۔ اس کارروائی کے متعلق آپ کو اور آپ کے نگران کو ضرور آگاہ کرتے ہیں ، آپ کا اور آپ کے نگران کا اس سلسلے میں رضامند ہونا ضروری ہے ۔
- جب آپ کی درخواست کا فیصلہ جاری ہو گا ، پناہ کا ادارہ آپ کو(فیصلہ وصول کرنے کے لیے) آگاہ کرے گا ۔ رابطے کے ذرائع جو آپ درج کرا چکے ہیں ۔ ٹیلی فون ، ٹیلی گرام کا بھیجنا ، فکس یا ای میل کے ذریعے آگاہ کرے گا ۔
- پناہ کے ادارے کے لیے ضروری ہے کہ فیصلہ آپ کو سمجھ آنے والی زبان کے ترجمان کی موجودگی میں جاری کرے۔

**عالمی پناہ کے درخواست گزاروں کے حقوق اور ذمہ داریاں**

*عالمی پناہ کے درخواست گزاروں کے حقوق اور ذمہ داریاں*
یونان میں عالمی پناہ/تحفظ کی درخواست گزار کی حیثیت سے مندرجہ ذیل حقوق ہیں :

- ✓ آپ کی درخوست کی کارروائی مکمل ہونے تک آپ یونان میں رہ سکتے ہیں ، اور آپ کی درخواست کی کارروائی مکمل ہونے تک ملک بدری ممنوع ہے ۔

- ✓ آپ پورے ملک میں آزاد گھوم سکتے ہیں بشرطیکہ کارڈ جو آپ کے پاس ہے ملک کا مخصوص حصہ مقرر کرتا ہو یا مخصوص جغرفیائی پابندی ۔

- ✓ جب آپ کام نہیں کرتے اور آپ کے مالی وسائل روزمرہ کی ضرورت پوری نہیں ہوتی ، تو آپ کو مالی مدد (الاونس) لینے کا حق ہے ۔ اس مہمان خانہ یا کسی اور رہائیشی جگہ میں رہائش طلب کر سکتے ہیں ۔ (رہائیشی پروگرام برائے نجی رہائیش یا ہوٹل میں) جگہ خالی ہونے کی صورت میں آپ کی درخواست منظور ہو گی ۔

- ✓ یونان حکومت کی مخصوص قانونی شرائط کے تحت کام کرنے کی اجازت ہے ۔ عالمی پناہ/تحفظ کی درخواست کے اندراج کے بعد 6 ماہ کی مدت پوری ہونے کے بعد اور اگرآپ کے پاس عالمی پناہ کا کارڈ ہو تو ۔

- ✓ بیمہ (انشورنس) کے حقوق اور ذمہ داری یونانی شہری مزدوروں جیسی ہیں ۔

- ✓ عارضی بیمہ (انشورنس) نمبر پائیپا (ΠΑΑΥΠΑ) بنوا سکتے ہیں ، تاکہ تارکین وطن کی طبی صحت کی دیکھ بھال اور ہسپتال تک رسائی ہو ۔

- ✓ آپ کے بچوں کو مفت تعلیمی رسائی حاصل ہے ۔

- ✓ اگر آپ بالغ ہیں تو آپ کو دوسرے درجے (بالغوں) کی تعلیم تک رسائی حاصل ہے ۔
- ✓ آپ کو پیشہ وارانہ تربیت کی رسائی حاصل ہے ۔
- ✓ آپ کو معزوری الاونس لینے کا حق حاصل ہے اگر آپ 67 فیصد سے زیادہ معزور ہیں ، جبکہ مہمان خانہ میں رہائیش ممکن نہیں ۔

**عالمی پناہ / بین القوامی تحفظ کے درخواست گزار کی ذمہ داریاں**

یونان میں عالمی پناہ / بین القوامی تحفظ کے درخواست گزار کی ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہیں :

- ✓ مخصوص حالات کے پیش نظر ، خاص انسانی وجوہات جن کی بنا پر دوسرے ملک میں موجودگی ممنوع ہے، جیسے تصدیق شدہ صحت کی وجوہات کے علاوہ یونان سے باہر سفر نہیں کر سکتے ۔ ادارے کو سفری دستاویزات (پاسپورٹ) کے اجراء کے لیے درخواست کرنا ضروری ہے ۔ اگر پناہ کے ادارے کو اگاہ کیے بغیر آپ ملک سے چلے جاتے ہیں تو درخواست کی جانچ پڑتال رک جاتی ہے ۔
- ✓ درخواست کی جانچ پڑتال تک یونان میں رکنا ضروری ہے ۔
- ✓ اپنے آبائی ملک سے اپنے گھر والوں کو یونان نہیں لا سکتے ۔
- ✓ اپنی درخواست کے متعلق ہر موضوع پر یونانی اداروں سے تعاون اور شناخت کے درست کوائف ضروری ہے ۔
- ✓ مجاز اداروں کی طرف سے بلانے کی صورت میں طلب کرنے والے اداروں میں بغیرتاخیر کے بذات خود حاضر ہونا ضروری ہے ۔
- ✓ سفری دستاویزات (پاسپورٹ) یا کسی بھی قسم کی دوسری دستاویزات جن کا تعلق درخواست کی جانچ پڑتال اور آپ کی اورآپ کے خاندان کے افراد کی شناخت سے ہے ، اور آپ کے پاس ہیں ، لازمی طور پر جمع کرائیں ، ساتھ ساتھ جس ملک سے آئے ، آبائی جگہ اورخاندانی حالت (شادی شدہ یا غیرشادی شدہ بھی بتائیں) ۔
- ✓ پناہ کے ادارے کو اپناہ پتہ رابطے کے ذرائع اور ان میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر اگاہ کرنا ضروری ہے ۔ رابطے کے ذرائع کی تبدیلی کے لیے برقی ( آن لائن ) طریقے سے بھی درخواست درج کر سکتے ہیں ۔ جو پتہ آپ درج کرا چکے ہیں پناہ کا ادارہ آپ کی درخواست کے متعلق دستاویزات اسی پتہ پر بھیجے گا ۔
- ✓ آپ کی درخواست کی مختلف مراحل میں کارروائی کے لیے مقرر کی گئی آخری تاریخوں کا دھیان رکھنا ضروری ہے ۔
- ✓ کارڈ ختم ہونے سے پہلے بروقت تجدید ، زیادہ سے زیادہ ختم ہونے کے (کام کےدنوں میں) ایک دن بعد تک ضروری ہے ۔
- ✓ حکومت کی طرف سے مالی امداد ملنے کی صورت میں لازمی مالی حالات پر کنٹرول (قابو) ضروری ہے ۔
- ✓ مہمان خانے یا دوسری جگہوں پر آپ کا مفت رہائش کا حق مندرجہ ذیل صورتوں میں ختم ہو جاتا ہے :
  - ▪ اگر مجاز ادارے کو اگاہ کیے بغیر مہمان خانوں کی جگہوں کو چھوڑتے ہو تو ،

- اگر ذاتی کوائف میں تبدیلی کا اندراج نہیں کراتے یا آپ کی درخواست کے متعلق معلومات کا جواب نہیں دیتے یا انٹرویو کی مقررہ تاریخ کو بذات خود حاضر نہیں ہوتے تو ،
- اگرکسی معقول وجہ کے بغیر جواب نہیں دیتے تو،
- اگر آپ مالی ذرائع چھپاتے ہیں اور بغیر رضامندی کے استقبالیہ مرکز کے مادی (مالی) حالات کا فائدہ اٹھاتے ہو تو ۔
- اگر آپ مہمان خانہ کے مرکز کے انتظامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہو تو ۔
- ✓ مجاز اداروں کے ساتھ لازمی تعاون کی خلاف ورزی ، علاوہ ازیں خاص طور پر اداروں سے رابطہ نہ رکھنا اوردرخواست کی ضروری جانچ کے لیے درکار تعاون نہ کرنا ، اس کوعالمی تخفظ کی درخواست کی تکمیل کے راستے میں غیر ضروری رکاوٹ شمار کیا جائے گا ، اور اس کے نتیجے میں آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کو منقطع (روک لیا) کیا جائے گا ۔

**نظرثانی (اپیل) کا حق اور دوسرے درجے میں جانچ**

- اگر درخواست منسوخ ہوتی ہے یا آپ کو امدادی تحفظ جاری ہوتا ہے ، اور آپ سمجھتے ہیں ، کہ مہاجر کے درجے(حیثیت) کے حقدار ہیں ، تو نظرثانی کے ادارے میں آپ کو نظرثانی (اپیل) کرنے کا حق ہے ۔ ضلعی پناہ کے ادارے یا ضلعی پناہ کے ادارے کی خودمختار شاخ جہاں سے آپ کو فیصلہ جاری ہوا ، میں آخری تاریخ جو کہ فیصلے میں درج ہے سے پہلے (اپیل کا حق ہے) ۔

- اگر آپ ضلعی پناہ کے ادارے (یا خود مختار شاخ) جہاں سے آپ کو فیصلہ جاری ہوا ہے ، سے دور رہائشی (ڈھانچے) میں رہتے ہیں ، ایسی صورت میں استدعا (اپیل) قریبی ضلعی پناہ کے ادارے میں جمع کرا سکتے ہیں ۔ ایسی صورت میں نظرثانی (اپیل) کی درخواست ، ضلعی پناہ کے ادارے یا ضلعی پناہ کے ادارے کی خودمختار شاخ (جہاں سے فیصلہ ملا تھا) کو اسی دن برقی طریقے سے بھیجی جاتی ہے ۔ ذاتی طور پر پناہ کے ادارے میں حاضری ، استدعا (اپیل) کے کاغزات کا جمع کرانا اور آپ یا آپ کے وکیل کے دستخط سے آپ کی نظرثانی (اپیل) کی درخواست کا اندراج ہوتا ہے ۔ اگر آپ زیرحراست ہیں ، تو استدعا (اپیل) حراست (قید) کی جگہ کے نگران کو یا مرکز میں جمع کرائیں گے ۔ جہاں سے استدعا فکس یا کسی اور برقی طریقے سے ضلعی پناہ کے ادارے یا ضلعی پناہ کے ادارے کی خودمختار شاخ جہاں سے آپ کو فیصلہ جاری ہوا تھا ، کو بھیجی جاتی ہے ۔
- اپیل جمع کرانے سے آپ کو نیا کارڈ جاری ہو گا ۔
- آپ کی اپیل (درخواست) کی ایک پناہ کی کمیٹی جانچ پڑتال کرے گی ۔ اپیل کا ادارہ عام طور پر فائل کے کوائف کی بنیاد پر اپیل کی جانچ پڑتال کرتا ہے اور آپ کو انٹرویو کے لیے نہیں بلاتا ۔ مگر آپ کو اپیل کی جانچ پڑتال کی تاریخ سے اگاہ کیا جاتا ہے ، علاوہ ازیں اگر چاہیں تو تب تک اپیل کی یاداشت کے لیے مزید کاغذات جمع کرا سکتے ہیں ۔

- اپیل کی جانچ پڑتال کی تاریخ آپ کی ذمہ داری ہے کہ ذاتی طور پر اپیل کے ادارے میں موجود ہوں ۔ حاضر نہ ہونے کی صورت میں اپیل منسوخ ہو گی ۔

- جب تک نظرثانی کی کارروائی زیرالتوا ہے ، آپ اسے منسوخ کرا سکتے ہیں ۔ اس کے لیے آپ کو ضلعی پناہ کے ادارے میں بذات خود آنا اور تحریری منسوخ کرانا پڑے گا ۔ اگر آپ اپیل کو منسوخ کرتے ہیں ، تو اپیل کی جانچ پڑتال نہیں ہو گی ، اور اگر آپ کے پاس کوئی اور رہائشی اجازت نامہ نہیں ہے تو ملک چھوڑنا پڑے گا ۔

- پناہ کا ادارہ ممکن ہے یہ سمجھے کہ آپ کو استدعا (اپیل) کی جانچ پڑتال میں دلچسبی نہیں (خاموش منسوخی) اورآپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کو روک دے:

1) اگر آپ ادارے کی طرف سے مانگی گئی اپنی درخواست کے متعلق خاص معلومات دینے سے انکار کریں تو، یا
2) اگر آپ حراست کی جگہ سے فرار ہوتے ہیں تو، یا
3) اگر حراست کی بجائے پولیس کی طرف سے لگائی گئی پابندیوں پر عمل نہ کریں تو، یا
4) اگر اداروں کی طرف سے مقرر کی گئی رہائشی جگہ کو بغیر آگاہ کیے چھوڑ دیتے ہو تو ، یا
5) اگر پناہ کے ادارے سے اجازت لیے بغیر ملک سے چلے جاتے ہو تو، یا
6) اگر پتہ اوررابطہ کے ذرائع تبدیلی ہونے کی صورت میں فوری طور پر پناہ کے ادارے کو اگاہ نہیں کرتے تو ، یا
7) اگر استدعا (اپیل) کی ادارے کی طرف سے طلب کیا گیا ہو اور آپ رابطہ نہ کریں تو ، یا
8) اگر آپ اپنے گارڈ کی تجدید (نیو) زیادہ سے زیادہ کارڈ ختم ہونے کی تاریخ کے ایک دن بعد تک کام کے دنوں میں نہیں کراتے تو ، یا (ہفتہ اتور نہیں)
9) دستاویزات جو ثابت ہے ، کہ آپ کے پاس ہیں ، یا جو (دستاویزات) آپ کے پاس ہونی چاہیے اور جمع کرانا ضروری ہو ، فراہم نہ کریں تو ۔

- نظرثانی (اپیل) کے ادارے کا آپ کو انٹرویو کے لیے بلانے کے فیصلے کی صورت میں ، انٹرویو کی تاریخ سے کم از کم 10 کام کے دنوں سے پہلے اگاہ کیا جائے گا (بغیر ہفتہ اتوار) نظرثانی (اپیل) کے ادارے میں وکیل یا کسی مشیر کو ساتھ لے جانا آپ کا حق ہے ۔
- (اپیل) کا ادارہ (کمیٹی) آپ کو مہاجر کا درجہ ، امداد تحفظ یا اپیل کی منسوخی کا فیصلہ نظرثانی جاری کرے گا ۔
- اپیل کی کمیٹی کا فیصلہ جاری ہونے سے وہ سب لاگو ہوتا ہے ، جو پناہ کے ادارے سے فیصلہ جاری ہونے سے (لاگو) ہوتا ہے ۔
- اپیل کا فیصلہ کام کی صورت حال کے پیش نظر ممکن ہے 15 دن سے 3 ماہ کی مدت میں جاری ہو جائے ۔
- اگر اپیل رد ہوتی ہے یا امداد تحفظ جاری ہوتا ہے ، جبکہ آپ سمجھتے ہیں کہ مہاجر کی حیثیت (درجہ) آپ کا حق ہے ، آپ مقامی مجاز انتظامی عدالت میں 30 دن کی مدت میں جو فیصلہ جاری ہونے کے دوسرے دن شروع ہوتی ہے، فیصلے کی منسوخی کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ منسوخی ( تنسیخ ) کی درخواست بذات خود نتیجہ خیز نہیں ، مطلب یہ ہے کہ اپیل کی منسوخی کی صورت میں ملک بدری ممکن ہے ۔

**اگر آپ زیر حراست (قید میں) ہیں**

HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

اگر آپ زیر حراست میں ہیں یا استقبالیہ اور شناخت مرکز (KYT) میں رہتے ہیں ، حراست یا استقبالیہ اور شناخت مرکز کا ادارہ پناہ کے ادارے کو آپ کی عالمی پناہ کی خواہش کے متعلق آگاہ کرے گا ، اور درخواست کے اندراج کا پروگرام مقرر ہو گا ۔

درخواست کے اندراج کے دن یا آپ کو قریبی ضلعی پناہ کے ادارے منتقل کیا جائے گا یا پناہ کے ادارے کی خودمختار شاخ میں جو اسی جگہ کام کرتی ہے جہاں آپ ہیں ، درخواست دائر ہو گی ۔

درخواست سمجھ آنے والی زبان کے ترجمان کی موجودگی میں دائر ہو گی ۔ جبکہ ادارے کا ملازم درخواست کی کارروائی کے متعلق تمام ضروری معلومات فراہم کرے گا ۔

اگر آپ کے پاس دستاویزات ہیں ، جن سے آپ کی شناخت ہوتی ہے، جیسا کہ پاسپورٹ یا دوسرے درخواست کے متعلقہ کاغذات تو آپ کے ساتھ ہونے چاہیے ۔

درخواست دائر ہونے کے بعد عالمی پناہ کی درخواست گزار کے کارڈ کی بجائے ، انٹرویو پر جہاں آنا لازمی ہے کی تاریخ کے متعلق دستاویز دی جائے گی ۔

اگر آپ بین القوامی تحفظ کی درخواست دائر کرتے ہیں ، جبکہ آپ سزا کاٹنے کے لیے زیر حراست ہیں ، ایسی صورت میں سزا جو آپ کے لیے مقرر ہو چکی ہے کاٹنے تک زیر حراست رہنا پڑے گا ۔
اگر آپ عالمی پناہ کی درخواست درج کرتے ہیں ، جبکہ زیر حراست اس لیے ہیں کہ ، ملک میں غیر قانونی داخل ہوے یا چونکہ آپ کی ملک بدری زیرالتو ہے ، تب اگر پولیس یہ فیصلہ کرتی ہے ۔ کہ آپ پر دوسری پابندیاں لاگو کرنا ناممکن ہے ، تو ( ان مقاصد کے لیے بھی ) زیر حراست رہنا پڑے گا ۔
1) شناخت کے درست کوائف یقینی بنانے کے لیے۔
2) آپ کی درخواست پر مبنی درست حقائق متعین کرنا ۔ یا ان حقائق کا حصول جو کسی اور صورت میں ممکن نہیں ، بلخصوص جب فرار کا ڈر ہو۔
3) جب ٹھوس وجوہات موجود ہو جن سے ثابت ہوتا ہو کہ درخواست کا مقصد واپسی کے فیصلہ میں التوا یا رکاوٹ پیدا کرنا ہے ۔
4) جب قومی خفاظت یا عوامی نظم وضبط کو خطرہ ہو ۔
5) جب فرار کا سخت خطرہ ہو تو نظم و ضبط کے اصول 604/ 2013 EE) No ) کے تحت منتقلی کی کارروائی احسن طریقے سے یقینی بنانے کے لیے ۔

- آپ کی حراست کی مدت 50 دن سے 18 ماہ تک ممکن ہے ، اس کا (قید کی مدت کا) دارومدار قید کی وجہ پر ہے ۔ آپ کی حراست کا فیصلہ پولیس کا سربراہ کرتا ہے ، جو فیصلہ میں تفصیل سے وضاحت کرے گا کہ کیوں آپ کی قید کا فیصلہ کیا گیا ہے ۔

- آپ کو ادارے کے سربراہ یا مجاز ضلعی انتظامی عدالت جس ضلع میں قید ہیں ، میں حراست کے خلاف اعتراض درج کرانے کا حق ہے ۔

HELLENIC REPUBLIC
Ministry of Migration & Asylum

- اگر آپ اپنی (پناہ کی) درخواست کی منسوخی کا فیصلہ کرتے ہیں ، تو آپ کو بذات خود پناہ کے ادارے کے مجاز ملازم کے سامنے بیان دینا پڑے گا اور اگر حراست (قید) کی جگہ کے اندر یا (قید) حراست کی جگہ کے قریبی پناہ کے ادارے کی خودمختار شاخ کام نہیں کرتی تو اس کام کے لیے آپ کو قریبی ضلعی پناہ کے ادارے میں منتقل کرنا پڑے گا ۔

- اگر آپ زیر حراست (قید میں) ہیں یا استقبالیہ اور شناخت مرکز کے رہائشی ڈھانچے میں رہتے ہیں ، چونکہ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال (کی کارروائی) ابھی نامکمل ہے ، اس لیے جب آپ کو آزاد کیا جائے گا ، اسی دن یا استقبالیہ اور شناخت مرکز کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد عالمی تحفظ کا کارڈ جاری کیا جائے گا ۔ اور اگر یہ نہیں ہوا (کارڈ نہیں ملا) تو اس صورت میں فوری طور پر مجاز ضلعی پناہ کے ادارے میں اپنے رابطے کے ذرائع (ٹیلی فون ، پتہ) جمع کرانے کے لیے حاضر ہوں تاکہ عالمی تحفظ کا کارڈ جاری ہو ۔

- آپ کی درخواست کا فیصلہ پناہ کے ادارے کے مجاز ملازم ، حراستی مرکز یا رہائشی مرکز کے نگران سے آپ کو ذاتی طور پر دیا جاتا ہے ۔

- اگر فیصلہ آپ کے خلاف ہے ، تو آپ بذات خود پناہ کے ادارے کے مجاز ملازم سے استدعا (اپیل) کی (درخواست) کر سکتے ہیں ۔

- اگر حراستی مرکز (جیل) کے اندر یا قریبی خود مختار شاخ کام نہیں کرتی تو (اس کام کے لیے) قریبی ضلعی پناہ کے ادارے میں آپ کی منتقلی ضروری ہے ۔

- اگر آپ ضلعی پناہ کے ادارے جہاں سے آپ کو فیصلہ جاری ہوا ہے ، سے دور رہائشی ڈھانچے میں رہتے ہیں ، تو ایسی صورت میں قریبی ضلعی پناہ کے ادارے میں یا رہائشی ڈھانچے کے نگران کو استدعا (اپیل) جمع کرا سکتے ہیں ۔

- اگر فیصلہ مثبت (آپ کے حق میں) ہے ، تو قید ختم کرنے کا فیصلہ ہو گا ۔ جس دن آپ کو آزاد چھوڑیں گے ، آپ کو ضروری کاغذات دیں گے ۔ فوری طور پر ضروری ہے کہ آپ قریبی مجاز ضلعی پناہ کے ادارے میں اپنے رابطے کے ذرائع (پتہ ، ٹیلی فون) درج کرانے کے لیے خاضر ہوں ۔

## تاخیر / دوہری (دوسری) درخواست

تاخیر / دوہری (دوسری) درخواست عالمی تحفظ کی درخواست ہے ، جو کہ پولیس ، پناہ کے ادارے ، اپیل کمیٹی کی طرف سے آخری قطعی منفی آنے کے بعد یا آپ کے سابقہ عالمی تحفظ کی درخواست سے دستبرداری کے بعد دوبارہ نئے سرے سے درج ہوتی ہے ۔ تا خیری درخواست پناہ کے ادارے میں درج کرانے کے لیے پولیس یا پناہ کے ادارے کی طرف سے آخری قطعی منفی فیصلہ مل چکا ہونا ضروری ہے ، اور عالمی تحفظ جاری ہونے کے لیے نئی وجوہات بھی ہوں ۔

تا خیری درخواست ضلعی پناہ کے ادارے یا پناہ کے ادارے کی خود مختار شاخ جو آپ کی رہائش کے قریب ترین ہے میں جمع کرائیں ، اور (نئی وجوہات) نئے کوائف جو اب پیدا ہوئے ہیں ، وہ بھی درج کرائیں، تاخیری درخواست کے اندراج کے بعد آپ کو عالمی تحفظ کا کارڈ جاری نہیں ہو گا ۔

پناہ کا ادارہ (نئی وجوہات) نئے کوائف کی جانچ پڑتال کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ یہ عالمی تحفظ کے لیے خاص ہیں (یا نہیں) اور اگر آپ کی تاخیری درخواست منظور ہوتی ہے تب آپ کو عالمی تحفظ کا کارڈ جاری ہو گا ، اور پناہ کا ادارہ آپ کی تاخیری درخواست کی جانچ پڑتال شروع کرے گا ۔
اگر پناہ کا ادارہ آپ کی تاخیری درخواست کو رد کرتا ہے ، تو فیصلہ جو آپ کو ملا میں درج مدت میں پناہ کی کمیٹی میں نظرثانی (اپیل) کی درخواست کر سکتے ہیں ۔
اگر آپ دوسری تاخیر/ دوہری درج کراتے ہیں ، تو جانچ پڑتال کے دوران یہ درخواست آپ کو ملک بدری سے نہیں بچاتی ۔

**ہم آپ کو مطلع کرتے ہیں ، کہ پناہ کے ادارے کی جگہ میں ہتھیار تیز دھار یا دوسرا کوئی بھی دھماکہ خیز مواد ، لچکدار مواد ، کیمیائی ، زہر ملا مادہ جو ممکنہ زخمی کرنے کے لیے استعمال ہو سکتا ہے لانا ممنوع ہے ۔**
**علاوہ ازیں کاغذات کی فائلوں اور چھوٹے بیگوں کے علاوہ جن کے پاس بکسے اور بڑے بیگ ہیں ان کا داخلہ بھی ممنوع ہے ۔**
**موبائل کا محدود استعمال صرف پناہ کے ادارے کی بیرونی جگہوں پر ہو گا جبکہ پناہ کے ادارے کی بیرونی اور اندرونی جگہوں پر تصویر کشی (فوٹو گرافی) یا وڈیو بنانا ممنوع ہے ۔**